OFFICE OF ADMINISTRATIVE TRIALS AND HEARINGS
Help Center

"قانون کی رُو سے" جرمانے کی منسوخی یا تخفیف کے لئے دلائل پیش کرنا

قانون کیا کہتا ہے: NYC قانون کے تحت، جب کوئی شخص کسی NYC قانون، اصول یا ضابطے کی "خلاف ورزی کا مرتکب" ہو، تو لاگو کیا گیا جرمانہ عام طور پر قانون کی جانب سے طے ہوتا ہے۔ بہرحال، کچھ صورتوں میں، "قانون کی رُو سے" کوئی شخص جرمانے میں تخفیف کے لئے دلائل پیش کر سکتا ہے، خواہ اس شخص کو عائد کردہ NYC قانون، اصول یا ضابطے کی "خلاف ورزی کا مرتکب" پایا گیا ہو۔

NYC قانون کے تحت، جب "قانون کی رُو سے مناسب دلائل" پیش کئے جائیں، تو سماعت کرنے والا آفیسر دلائل منظور کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے اگر وہ (1) سمجھتا ہو کہ تخفیف شدہ جرمانہ مناسب ہے جس کی بنیاد ایسی قابلِ غور امور یا حالات پر ہو جو (2) "واضح طور پر یہ دلالت کرتے ہوں" کہ پورے جرمانے کا اطلاق کرنا "ناانصافی ہو گی یا اس کی راہ ہموار کرے گا۔" نوٹ: چاہے آپ عائد کردہ کسی الزام کو تسلیم کرتے ہوں، تو بھی سماعت کرنے والا آفیسر اس بات پر غور کر سکتا/سکتی ہے کہ کیا قانون کی جانب سے طے کیا گیا جرمانہ مناسب ہے

دلائل کب پیش کئے جا سکتے ہیں: "قانون کی رُو سے"دلائل صرف مندرجہ ذیل صورتوں تک محدود ہیں:

1. ایسی صورتیں جب کمیونٹی سروس ایک ممکنہ جرمانہ ہو؛
2. تمام نہیں، لیکن زیادہ تر حالات میں، ٹیکسی اور لیموزین کمیشن ("TLC") کی جانب سے لائے گئے کیسز۔

"کمیونٹی سروس" کے کیسز میں: ایسے کیسز جہاں کمیونٹی سروس ایک ممکنہ جرمانہ ہو، آپ کو اختیار حاصل ہو گا کہ سمنز کی منسوخی کے لئے "قانون کی رُو سے" دلائل پیش کریں۔

TLC کے مخصوص کیسز میں: آپ کے پاس آپشن ہے کہ "قانون کے رُو سے" جرمانے میں تخفیف کے لئے دلائل پیش کریں۔

"قانون کی رُو " پر کیسے گفتگو کی جائے: آپ اپنی سماعت پر سماعت کے آفیسر کے سامنے دلائل پیش کر سکتے ہیں۔ جب کسی مناسب کیس میں دلائل کے ساتھ پیش کیا جائے، تو سماعت کا آفیسر دلائل کو قبول کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے مندرجہ ذیل عوامل کو زیرِ غور لائے گا/گی:

- عائد کردہ خلاف ورزی (خلاف ورزیوں) کی سنگینی اور صورتِ احوال؛
- عائد کردہ خلاف ورزی (خلاف ورزیوں) کی وجہ سے پیدا ہونے والے نقصان کی حد؛
- عائد کردہ خلاف ورزی (خلاف ورزیوں) کی تائید یا مخالفت کرنے والی شہادت؛
- عائد کردہ خلاف ورزی (خلاف ورزیوں) کا الزام جس فرد پر لگایا گیا ہو اس کا ماضی، کردار، اور حالت؛
- عائد کردہ خلاف ورزی کا الزام جس فرد پر لگایا گیا ہو اس پر جرمانہ لاگو کرنے کا مقصد اور اثر۔؛
- کمیونٹی کی سلامتی یا بھلائی پر جرمانے کی منسوخی یا تخفیف کا اثر۔
- (TLC کیسز کے لئے) سمنز جاری کرنے والی ایجنسی، عدالتی نظام اور قانون کے لاگو کرنے میں عوامی اعتماد پر جرمانے کی منسوخی یا تخفیف کا اثر؛
- (1) مدعا علیہ کے مخصوص حالات اور (2) عائد کردہ خلاف ورزی کے حوالے سے، اس ایجنسی (TLC، NYPD، وغیرہ) کی پوزیشن جس نے کسی مجوزہ منسوخی یا جرمانے کی تخفیف پر سمنز جاری کئے ہوں۔
- ایسے کوئی متعلقہ حقائق جو نشاندہی کرتے ہوں کہ کیا (TLC کیسز کے لئے) سمنز پر فراہم کردہ جرمانہ لاگو کرنے کا فیصلہ یا عائد کردہ خلاف ورزی کو برقرار رکھنے کا فیصلہ کسی کارآمد مقصد کا حامل ہے۔

نوٹ: اگر آپ کو "قانون کی رُو سے" جرمانے کی تخفیف یا منسوخی تفویض کی گئی ہو تو اس کا مطلب یہ نہیں ہو گا کہ مسئلہ ختم ہو گیا ہے۔ اگر آپ کا کیس ایسا ہے جس میں کمیونٹی سروس ایک ممکنہ جرمانہ ہو، تو NYC ایجنسی جس نے سمنز جاری کئے ہوں گے اس کے پاس سماعت کے آفیسر کے فیصلے کی تاریخ کے بعد 35 دن ہوں گے تاکہ "قانون کی رُو" سے منسوخی کی اپیل کی جائے۔ اگر آپ کا کیس TLC کا معاملہ ہے، تو TLC کے پاس 20 دن ہوں گے تاکہ یا تو "قانون کی رُو" سے جرمانے کی تخفیف کی تصدیق کی جائے، یا جرمانے کو سمنز کی اگلی جانب فہرست شدہ رقم کے "کم از کم جرمانے" تک بڑھا دیا جائے۔
نوٹ: کسی ایسے مناسب کیس میں جہاں آپ کو حق حاصل ہو کہ "قانون کی رُو"سے دلائل پیش کریں، اگر آپ دلائل پیش نہیں کرتے، تو سماعت کا/کی آفیسر پھر بھی اس پر غور کر سکتا/سکتی ہے۔

مزید کسی معاونت کے لئے، براہ کرم کسی **OATH** لوکیشن کے **OATH** ہیلپ سنٹر پر، پیر سے جمعہ، **8am-5pm** بذاتِ خود تشریف لائیں، **(212) 436-0845** پر بذریعۂ ٹیلیفون یا یہاں بذریعہ ای میل رابطہ کریں Manhelpcenter@oath.nyc.gov